© rasailojaraid.com



# ترجمان الحدیث

## جامعہ سلفیہ (فیصل آباد)

اے ترجمان تجھ پہ قربان میری جاں / تو حق کا امین تو حق کا نشاں

پیغام توحید و سنت گھر گھر پہنچایا تو نے / پلا دیا ہر اک کو جام علم و عرفاں

صحابہؓ کی جرأتوں کی ایسی کی ترجمانی / ہر سو دین حق کو تو نے کیا بیاں

کبرو نخوت سے عاری ترا انداز / کلمہ حق تیرا اخلاق کی زباں

اخوت و محبت کا پرچار کر دیا ہے / گھر گھر پہنچا دیا ہے پیغام امن و اماں

تعلیم کے فرائض اور جہد مسلسل / اخلاص پر ہے مبنی تیرا ایک ایک فرماں

حق دار داد کا ہے درس حدیث تیرا / تو ترجمان سنت تو ترجمان قرآں

طلبہ دین کا بہتر تزکیہ ہو رہا ہے / کوئی بھلا سکے نہ ترے جامعہ اے احساں

دین کی اشاعت سے تجھے کوئی ہٹا سکا نہ / بیشک تیری راہ میں آئے ہیں لاکھوں طوفاں

خم ہوگئی ہے تیرے سب حاسدوں کی گردن / دیکھو وہ سر جھکائے پھرتا ہے کیسے ناداں

ہیں لائق تحسین تیرے سبھی لکھاری / انھیں داد دے رہا ہے آج سارا جہاں

طاری تھی اس قدر جو ملت سلف پہ غفلت / بیدار کر کے ان کو کیا جامعہ نے احساں

اے ترجمان تیری للکار پہ میں صدقے / لاکھوں مصائب ہیں پھر بھی تو محو اذاں

منہج سلف کا داعی تو ترجمان سنت / خدمات سلفیہ کی لمبی ہے داستاں

یہ دین کے ادارے اسلام کے قلعے ہیں / ہے فیض یاب ان سے تاج ہر اک انساں

(قاری تاج محمد شاکر پتوکی)





rasailojaraid.com